Roll No...

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **4**

A–109

B.A. (Part-I) Examination, 2022

URDU

Paper–I

(Prose and Drama)

Time : 1½ Hours] [*Maximum Marks : 100*

SECTION–A

Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(Marks : 2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(Marks : 8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(Marks : 20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہرسوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) میر امن کی تصانیف کے نام لکھئے۔

(ii) غالبؔ کے خطوط کے مجموعوں کے نام لکھئے۔

(iii) سر سید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(iv) پریم چند کے دو افسانوں کے نام لکھئے۔

(v) ''غزل اردو شاعری کی آبرو ہے'' کس کا قول ہے؟

(vi) ''ڈراما'' کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

(vii) ''دروازے کھول دو'' کے دو کرداروں کے نام لکھئے۔

(viii) مولانا ابوالکلام آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(ix) ''اچھی کتاب'' کس کا تحریر کردہ مضمون ہے؟

(x) فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کب اور کہاں رکھی گئی؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے کے ساتھ کیجئے:

(الف)

الوپی دین ہنس کر بولے: ''اپنے منھ سے اپنی تعریف نہ کیجئے۔'' بنسی دھر نے متین انداز سے کہا: ''یوں میں آپ کا غلام ہوں، آپ جیسے نورانی صفات بزرگ کی خدمت کرنا میرے لئے فخر کی بات ہے لیکن مجھ میں نہ علم ہے نہ تجربہ اور نہ فراست جوان خامیوں پر پردہ ڈال سکے۔ ایسی معزز خدمات کے لئے ایک بڑے معاملہ فہم اور کارکردہ منشی کی ضرورت ہے۔

(ب)

عجب طرح کا غم ہوا جس کا بیان نہیں کرسکتا۔ یکبارگی یتیم ہوگیا، کوئی سر پر بوڑھا نہ رہا۔ اس مصیبت ناگہانی سے دن رات رویا کرتا۔ کھانا پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دن جوں توں کر کے کٹے۔ چہلم میں اپنے بیگانے، چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی سب نے فقیر کو باپ کی پگڑی پہنائی اور سمجھایا دنیا میں سب کے ماں باپ مرتے آئے

ہیں اور اپنے تئیں بھی ایک روز مرنا ہے۔ بس کرو، اپنے گھر کو دیکھو، اب باپ کی جگہ تم سردار ہوئے۔

3 ''اپنی مدد آپ'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

4 مُلا وجہی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

5 سرشؔار کی طرزِ تحریر کی خوبیاں بیان کیجئے۔

6 خواجہ حسن نظامی کی نثر نگاری پر روشنی ڈالئے۔

7 میر امن کی نثر نگاری کی خوبیاں لکھئے۔

8 کرشن چندر کی ڈرامانگاری سے بحث کیجئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب 500 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

9 سرسید احمد کی طرزِ تحریر کی خوبیاں لکھئے۔

10 خطوط غالب کی خصوصیات بیان کیجئے۔

11 ڈرامے کی تعریف بیان کرتے ہوئے اجزاء پر روشنی ڈالئے۔

12 فرحت اللہ بیگ کے کُرفن پر روشنی ڈالئے۔